# QUETTA TEXTILE MILLS LIMITED

QUETTA

## NOTICE OF MEETING

Notice is hereby given that the **62nd Annual General Meeting** of the Shareholders of **Quetta Textile Mills Limited will be held on Friday October 27, 2023 at 09.30 A.M.** at the registered office of the Company at Nadir House (Ground Floor), I.I. Chundrigar Road, Karachi to transact the following business:-

**Ordinary Business**:

1. To confirm the minutes of the 61st Annual General Meeting held on October 28, 2022.
2. To receive, consider and adopt Audited Financial Statement of the Company for the year ended June 30, 2023 together with Auditors', Chairman's and Directors' Report thereon.
   As required under section 223(7) of the Companies Act, 2017, the Financial Statement of the Company have been uploaded on the following link: http://www.quettagroup.com/reports
3. To appoint Auditors for the year 2023-2024 and fix their remuneration. The Board has recommended, as suggested by Audit committee, the appointment of M/s. Mushtaq & Co, Chartered Accountant, the retiring auditors and being eligible to offer themselves for re-appointment.

**Special Business**:

4. To consider and, if deemed fit, to pass with or without modification the following resolutions for circulation /dissemination of Annual Audited Financial Statements through QR enabled code and web-link:
   **RESOLVED THAT** circulation/ dissemination of Annual Audited Financial Statements to the shareholders through QR enabled code and web-link as notified by the Securities and Exchange Commission of Pakistan vide its S.R.O. 389 (1) /2023 dated March 21, 2023, be and is hereby approved.
   **RESOLVED FURTHER THAT** Company Secretary be and is hereby singly authorized to take and do all necessary actions, deeds and things which are or may be necessary, incidental and/or consequential to give effect to the aforesaid resolution.
5. To transact any other ordinary business or business with the permission of the Chairman.

A Statement of material facts under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 relating to the material facts is annexed to this Notice.

By order of the Board of Directors

Karachi:
**NUDRAT MUND KHAN**

**Dated: October 03, 2023**
Company Secretary

**Notes:**

1. In pursuance of Circular No. 04 dated February 15, 2021, of "SECP" to avoid COVID 19 situation the proceedings of the meeting will be carried out also through video-link facility. In order to attend the Meeting through such facility, the Members are requested to get themselves registered for video-link facility not later than 72 hours before meeting by providing the following information on contact detail as given below.

| Full Name | CNIC No. | Folio No. | Email Address | Cell No. |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

The video-link for the meeting will be sent to the Members on their provided email address. The Login facility will remain open from 09.15 am till the end of meeting. In case of any suggestions or comments for the agenda items, the Members may send the same at the following contact details.

**Quetta Textile Mills Limited, Nadir House, Ground Floor, I. I. Chundrigar Road, Karachi. Telephone No. +92 21 32414872 (direct), +92 21 32414334-6 (Ext: 217)**
**WhatsApp No. +92 3212382322 - Email : sales@quettagroup.com**

2. A member entitled to attend the Annual General Meeting can appoint a proxy to attend and vote instead of him/her. Proxies in order to be valid must be received at the registered office of Company 48 hours before meeting commences. An attested CNIC must be attached with Proxy Form. Shareholder holding Physical share are required to bring Original CNIC and/or copy.
3. For the purpose of entitlement of dividend, the Register of the members of the Company will remain closed at registered office from October 21, 2023 to October 27, 2023 (both days inclusive) and if dividend approved will be paid to such members whose name will appear in the Company's register of member at the close of business on October 20, 2023.
4. **Guidelines for CDC Account Holders for personal attendance:**

i) In case of individuals, the account holders or sub-account holders and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per Regulations, shall authenticate his / her identity by showing his/her original CNIC at the time of attending the meeting.

ii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of meeting.

5) Members are requested to submit a copy of their Computerized National Identity Card/Smart National Identity Card (CNIC/SNIC), if not already provided and notify immediately changes, if any, in their registered address to our Shares Registrar, C&K Management Associate (Pvt) Ltd.

6) According Section 242 of Companies Act 2017 and SECP's circular no 18 dated August 1, 2017. All shareholders are requested to provide IBAN, Bank name and Branch name with address and also requested again to provide Computerized National Identity Card also to Shares Registrar, CDC and sub account holder update with their brokers.

7) **Conversion Physical share into Book Entry form**

With reference of Section 72 of the Companies Act, 2017 and Further letter No. CSD/ED/Misc./2016/-639-640 dated March 26, 2021 from Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). The Shareholders of Quetta Textile Mills Limited having physical folio/share certificates are requested to convert their shares from physical form into Book Entry Form as soon as possible. In this respect kindly contact following Share Registrar of the Company. A separate notice also sent to shareholders who hold physical shares.

**Share Registrar C&K Management Associates (Pvt) Limited**
404, Trade Tower, Abdullah Haroon Road, Near Metropole Hotel, Karachi-75530.

**Statement of Material Facts Under Section 134(3) of the Companies Act, 2017.**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") through its Notification No. S.R.O 389(I)/2023 dated March 21, 2023, has allowed companies to circulate the annual balance sheet and profit and loss account, auditor's report and directors report, etc. ("annual audited financial statements") to its members through QR enabled code and weblink.

The approval of the shareholders has to be obtained in the general meeting to circulate the annual audited financial statements to its members through QR enabled code and weblink.

A shareholder may request the Company Secretary or Share Registrar of the Company to provide a hard copy of Annual Audited Accounts, and the same will be provided at shareholder's registered addresses, free of cost within one week of the demand. In this regard, the Company's designated email address / Share Registrar email address will be placed on website of the Company. A shareholder may also prefer to receive hard copies for all future Annual Audited Accounts.

None of the Directors of the Company has any direct or indirect interest in this business, except that has been disclosed by the Director(s).

# کوئٹہ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

QUETTA

## اطلاع عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ کوئٹہ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے حصص یافتگان کا باسٹھواں (62) سالانہ اجلاس عام جمعہ 27 اکتوبر 2023ء کو صبح 09:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع نادر ہاؤس (گراؤنڈ فلور) آئی آئی چندریگر روڈ کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

### عمومی امور:

1 28 اکتوبر 2022ء کو منعقدہ اکسٹھواں (61) سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

2 30 جون 2022ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ چیئرمین ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (7)233 درکار ہے، کمپنی کے مالی گوشوارے مندرجہ ذیل لنک http://www.quettagroup.com/reports پر اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں۔

3 2023-24ء کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرہ کا تعین بورڈ نے آڈٹ کمیٹی کی تجویز پر سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز مشتاق اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی اہلیت کی بنیاد پر سفارش کی ہے۔

### خصوصی امور

4 غور کیا جائے اور اگر موزوں ہو تو کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی ترسیل / تقسیم کیلئے مندرجہ ذیل قرارداد کی ترمیم و بلا ترمیم منظوری دینا

قرار پایا کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ ایس آر او 2023/ (1) 389 بتاریخ 21 مارچ، 2023 کے مطابق کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی ترسیل و تقسیم کی منظوری دی جاتی ہے

مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکرٹری کو مذکورہ قرارداد کی تعمیل کے مقصد کیلئے تمام کارروائی، ڈیڈیز انجام دینے اور تمام قانونی طریقہ کار اور تقاضوں پورے کرنے اور ضروری دستاویزات جمع کرانے کیلئے ضروری اقدامات اٹھانے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

5 چیئرمین یا ان کی کمیٹی کی اجازت سے دیگر عمومی امور کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق پر مبنی بیان اس نوٹس سے منسلک ہے

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز

کراچی

03 اکتوبر 2023ء

ندرت مند خان

کمپنی سیکرٹری

### نوٹ:

1 ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر 4 مورخہ 15 فروری 2020ء کے مطابق کووڈ-19 کی صورتحال کے پیش نظر اجلاس کی کارروائی بذریعہ ویڈیو لنک بھی انجام دی جائے گی۔ اس سہولت کے ذریعہ اجلاس میں شرکت کیلئے ممبران سے درخواست ہے کہ اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم بہتر (72) گھنٹے قبل حسب ذیل معلومات کی فراہمی کے ساتھ ویڈیو لنک سہولت رجسٹریشن کرا لیں۔

| مکمل نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر | ای میل ایڈریس | موبائل نمبر |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

اجلاس کیلئے ویڈیو لنک ممبران کو ان کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر فراہم کیا جائیگا۔ لاگ ان کی سہولت صبح 09:15 بجے سے اجلاس کے اختتام تک کھلی رہے گی۔ ایجنڈہ کے امور سے متعلق کسی تجویز یا رائے کی صورت میں ممبران مذکورہ رابطے پر ارسال کر سکتے ہیں۔

کوئٹہ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، نادر ہاؤس (گراؤنڈ فلور) آئی آئی چندریگر روڈ کراچی

ٹیلیفون نمبر 32414872-21-92+ ڈائریکٹ 6-32414334-21-92+ ایکسٹینشن 217

واٹس ایپ نمبر: 3212382322-21-92+ ای میل sales@quettagroup.com

2 سالانہ اجلاس عام ہذا میں شرکت کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے پروکسی مقرر کر سکتا ہے۔ تاہم پروکسی کی تقرری کی دستاویز اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں مل جانی چاہیے۔ شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔ فیزیکل حصص رکھنے والے حصص یافتگان کو اپنا اصل شناختی کارڈ اور / یا نقل ساتھ لانا ہوگا۔

3 منافع منقسم کی اہلیت کے ضمن میں ممبران کا رجسٹر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں 21 اکتوبر 2023ء تا 27 اکتوبر 2023ء (دونوں دن شامل) بند رہیگا۔ اور منافع منقسم کی منظوری پر یہ ان ممبران کو ادا کیا جائیگا جن کے نام 20 اکتوبر 2023ء کو اختتام کار تک رجسٹر میں درج ہوں گے۔

4 **شرکت کیلئے سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ہدایات۔**

i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور / یا ایسے افراد جن کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ہوں کو اپنی شناخت کیلئے اجلاس میں شرکت کے موقع پر اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پیش کرنا ہوگا۔

ii) کارپوریٹ انٹیٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں) اجلاس کے موقع پر پیش کرنے ہوں گے۔

5 ممبران سے گزارش ہے کہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / اسمارٹ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی (ایس این آئی سی) کی تصدیق شدہ کاپی (اگر ابھی تک داخل نہیں کی) اور پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار سی اینڈ کے مینجمنٹ ایسوسی ایٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کریں۔

6 کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 242 اور ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر 18 مورخہ یکم اگست 2017ء کی تعمیل میں تمام حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ آئی بی اے این، بینک کا نام اور برانچ کا نام و پتہ فراہم کر دیں اور حصص یافتگان سے دوبارہ یہ بھی گزارش ہے کہ اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ سینٹر رجسٹرار سی ڈی سی کو فراہم کر دیں اور سب اکاؤنٹ ہولڈر اپنے بروکرز کو پیش کر دیں۔

7 **بک انٹری فارم میں طبعی شیئرز کی منتقلی**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 اور مزید سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے مراسلہ نمبر CSD/ED/Misc./2016/-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے حوالے سے۔

طبعی فولیو / شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے کوئٹہ ٹیکسٹائل ملز کے شیئر ہولڈرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے حصص کو فزیکل فارم سے بک انٹری فارم میں منتقل کرا لیں۔ اس سلسلے میں برائے مہربانی کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔ طبعی حصص رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو ایک علیحدہ نوٹس بھی ارسال کیا گیا ہے۔

**C&K Management Associates (Pvt) Limited**

404 ٹریڈ ٹاور عبداللہ ہارون روڈ نزد میٹروپول ہوٹل کراچی۔ 75530

### کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان

ایس ای سی پی نے اپنے ایس آر او 2023/(I)389 بتاریخ 21 مارچ 2023 کے ذریعے کمپنیوں کو کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اپنے اراکین کو سالانہ پڑتال شدہ مالی گوشوارے بشمول سالانہ بیلنس شیٹ اور منافع و نقصان کے حسابات، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ ارسال کرنے کی اجازت دی ہے

کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی ترسیل کیلئے اجلاس عام میں حصص یافتگان کی منظوری سے مشروط گئی ہے۔

حصص یافتہ سالانہ آڈٹ شدہ حسابات کی ہارڈ کاپی فراہم کرنے کیلئے کمپنی سیکرٹری یا شیئر رجسٹرار کو درخواست دے سکتا ہے جو حصص یافتہ کے طلب کرنے پر ایک ہفتہ کے اندر حصص یافتہ کے رجسٹرڈ پتے پر مفت میں ارسال کی جائے گی۔ اس مقصد کیلئے کمپنی کا متعلقہ ای میل ایڈریس / شیئر رجسٹرار کا ای میل ایڈریس کمپنی کی ویب سائٹ پر آویزاں کر دیا جائے گا۔

کوئی بھی ڈائریکٹر ماسوائے جس کا اظہار ڈائریکٹرز کی طرف سے کیا گیا ہو مذکورہ کاروبار میں بلواسطہ یا بلاواسطہ دلچسپی نہیں رکھتا۔